کل سوالوں کی تعداد: ۲۵

Total No. of questions :25

2111206

# اردو جنرل

Time : 3 hours

Maximum Marks : 100

وقت:۳ گھنٹہ

کل نمبرات۔۱۰۰

سبھی سوالات حل کرنا لازمی ہے۔خوشخطی کا خاص خیال رکھیئے اور املا درست لکھیئے۔

سوال نمبر۱۔ (الف) نیچے لکھے سوالات کے تین ممکنہ جواب دیے گئے ہیں ان میں سے صحیح جواب چن کر اپنی کاپی میں لکھئے۔

۱۔ ........... دست پناہ ہوتا ہے۔ 1

(ا) بیلن، چمٹا، چھارا

۲۔ خدا پرست شہزادی (داستان) ........... لکھا ہے۔ 1

(ا) مولوی عبدالحق، سرسیّد احمد خاں، میر امن

۳۔ ہندوستان کے پہلے وزیراعظم تھے۔ 1

جواہرلال نہرو، لال بہادر شاستری، گاندھی جی

۴۔ لوک کہانی ہے۔ 1

آدمی نامہ، عقل بڑی یا بھینس، ایک سوال

۵۔ ٹی۔وی کا آغاز شہر میں ہوا۔ 1

بمبئی، کلکتہ، دہلی

(ب) دیئے گئے الفاظ میں سے صحیح لفظ چن کر خالی جگہ بھریئے۔ 5

(۱) ہاں بابا۔۔۔۔۔۔تو گھر میں ہی اچھی لگتی ہے۔

(مرد، بچہ، عورت)

(۲) مرزا اسداللہ خاں غالب سنہ ء میں پیدا ہوئے۔

(۱۷۸۶ء، ۱۷۸۴ء، ۱۷۸۵ء)

(۳) اردو کو فروغ دینے کے سلسلے میں۔۔۔۔۔۔۔کو چھتیس گڑھ فراموش نہیں کرسکتی۔

(مولوی احمد علی، عبدالسبحان خان، سلمنا ایرانی)

(۴) آدمی نامہ لکھی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے۔

(اقبال، نظیر اکبرآبادی، تلوک چند)

(۵) سبق اچھی کتاب کے مصنّف ہیں۔ (مولوی عبدالحق، میر امّن، سر سیّد احمد خاں)

(ج) صحیح جوڑی بنایئے۔

| | |
|---|---|
| ا۔ غزل کا پہلا شعر | a 1831ء میں پیدا ہوئے |
| ۲۔ نظم نیا شوالہ کے شاعر | b فطری شاعری ہے |
| ۳۔ نظیر اکبر آبادی کی شاعری | c تلوک چند محروم |
| ۴۔ نظم ترانۂ وحدت کے شاعر | d ڈاکٹر محمد اقبال |
| ۵۔ داغ دہلوی | e مطلع کہلاتا ہے |

(د) نیچے دئے گئے الفاظوں میں سے خالی جگہ بھریئے۔ 5

(عام عوامی، ٹکڑا سا چاند کا، ۱۹۶۷ء، چار پائی، رسول اللہ)

ا۔ ذاکر حسین ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں صدر جمہوریہ کے عہدے پر فائز ہوئے۔

۲۔ نظم چاندنی رات کا منظر کے شاعر ۔۔۔۔۔۔ ہیں۔ (میر غلام حسین، داغ دہلوی، مرزا غالب)

۳۔ نظیر اکبر آبادی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شاعر ہے۔

۴۔ رسید احمد صدّیقی نے مضمون ۔۔۔۔۔ لکھی ہے۔

۵۔ گورا بھی آدمی ہے کہ ۔۔۔۔

## حصہ نثر

سوال نمبر۲۔ اچھی کتاب کا گلا گھوٹنا ایسا ہی ہے جیسے کی کسی آدمی کا گلا گھوٹنا'' یہ قول کس کا ہے؟ 2

سوال نمبر۳۔ عید کے دن ابینہ کیوں رو رہی تھی؟ 2

سوال نمبر۴۔ ڈاکٹر صاحب نے ترکیوں کی کسطرح مدد کی؟ 2

سوال نمبر۵۔ ''ایک سوال'' افسانہ کی مرکزی کردار کا نام لکھیے۔ 2

سوال نمبر۶۔ مولانا یاسین کے مدرسے میں کن کن زبانوں کی تعلیم دی جاتی ہے؟ 2

سوال نمبر۷۔ مضمون نگاری کے کوئی تین اصول لکھیے۔ 3

سوال نمبر۸۔ پرانے زمانے میں لوگ عموماً دریا کے کنارے کیوں آباد ہوتے تھے؟ کوئی چار جملے لکھیے۔ 3

سوال نمبر۹۔ میر امن کی زبان کی خصوصیت لکھیے۔ (کوئی ۴) 1+1+1+1=4

## حصّہ نظم

سوال نمبر۱۰۔ اقبال برہمن اور واعظ کی کس بات سے پریشان ہیں؟ 2

سوال نمبر۱۱۔ داغ کی نعتیہ غزل میں خدا کا محبوب کسے کہا گیا ہے؟ 2

سوال نمبر۱۲۔ امام حسین کی جنگ کس سے تھی اور یہ کہاں ہوئی تھی؟ 2

سوال نمبر۱۳۔ درج ذیل اشعار کی تشریح بحوالہ شاعر کیجیے۔ 4

" ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی

جو چاہاہے سو آپ کرے ہیں، ہم کو عبث بدنام کیا"

## سوانح حیات

سوال نمبر۱۴۔ درج ذیل مصنّفوں اور شاعروں میں سے کسی ایک مصنّف یا شاعر کی سوانح حیات لکھیئے۔ 5

(a) ڈاکٹر محمد اقبال (b) میر امّن (c) صالحہ عابد حسین

(d) سر سیّد احمد خاں (e) مولوی عبدالحق (f) داغ دہلوی

## قواعد

سوال نمبر۱۵۔ سابقہ اور لاحقہ کسے کہتے ہیں؟ 1+1=2

سوال نمبر۱۶۔ اسم کسے کہتے ہیں؟ اس کی کوئی دو قسموں کے بارے میں لکھیے۔ 1+1+1=3

سوال نمبر۱۷۔ واحد کی جمع لکھیے۔ 2

آنکھ، راہ، ہزار، حرف

سوال نمبر۱۸۔ زمانہ ماضی کسے کہتے ہیں؟ اس کی دو مثالیں لکھیے۔ 1+1+1=3

## اقتباس

سوال نمبر۱۹۔ درج ذیل اقتباس کا مطلب سیاق وسباق کے ساتھ لکھئیے۔ 2+3=5

نمازیوں کی قطاریں ایک کے پیچھے ایک دوسری نہ جانے کہاں تک چلی گئی ہیں۔ پختہ فرش کے نیچے تک جہاں بزم بھی ہیں کئی قطاریں کھڑی ہیں۔ جو آتے ہیں پیچھے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ یہاں کوئی رتبہ نہیں، کوئی عہدہ نہیں دیکھا جاتا اسلام کی نگاہ میں سب برابر ہیں۔ دیہاتوں نے بھی وضو کیا اور جماعت میں شامل ہو گئے۔ کتنی باقاعدہ منظّم جماعت ہے۔ جہاں لاکھوں آدمی ایک ساتھ جھکتے ہیں اور ایک ساتھ کھڑے اور بیٹھ جاتے ہیں۔ ایسا معلوم ہو رہا تھا گویا بجلی کی لاکھوں بتّیاں ایک ساتھ روشن ہو جائیں اور ایک ساتھ بجھ جائیں۔

## غیر درسی اقتباس

سوال نمبر۲۰۔ نیچے دئے گئے غیر درسی اقتباس کو پڑھ کر دیئے گئے سوالوں کے جوابات لکھئے۔ 5

مدھیہ پردیش کی راجدھانی بھوپال اپنے تالابوں اور پہاڑوں مسجدوں کے لئے مشہور ہے۔ اس لئے ایک کہاوت بھی مشہور ہے کہ ''تال تو بھوپال تال باقی سب تلیّا'' وندھیاچل کے پہاڑی خطّہ پر بسے ہوئے اس شہر کو خدا نے خوبصورتی دل کھول کر دی ہے۔ کہا جاتا ہے بھوپال کو راجہ بھوج نے بسایا تھا۔ مگر اس کا بسایا ہوا شہر آہستہ آہستہ ایک گاؤں بن کر رہ گیا تھا۔ جب سردار دوست محمد خاں نے ریاست بھوپال کی بنیاد ڈالی تو اسے اپنا پایۂ تخت قرار دیا۔ سردار دوست محمد خاں نے یہاں ایک قلعہ تعمیر کرایا جو قلع فتح گڑھ کے نام مشہور ہے۔ شہر کی حفاظت کے لئے ایک چار دیواری بنوائی اس چار دیواری سے جانے کے لئے عالیشان دروازے بنوائے گئے جن کے نام ہفتے کے دنوں کے نام پر رکھے گئے ہیں۔ ان ہفتے کے دنوں میں بازار بھی لگتے ہیں۔

(1) بھوپال کے کے لئے مشہور ہے؟

(2) بھوپال کہاں بسا ہوا ہے؟

(3) بھوپال کے لئے کون سی کہاوت مشہور ہے ؟

(4) ریاست بھوپال کی بنیاد کس نے ڈالی؟

(5) سردار خاں نے کیا کیا بنوایا؟

## درخواست اور خط

سوال نمبر۲۱۔ ٹرانسفر سرٹیفکیٹ لینے کے لئے اپنی پرنسپل صاحب کو ایک درخواست لکھئے۔ 1+3+1 = 5

یا

اپنے بڑے بھائی کی شادی میں جانے کے لئے ۵ دنوں کی چھٹی کی درخواست لکھئے۔

## محاورے و جملے

سوال نمبر۲۲۔ نیچے دئے گئے محاوروں کے جملے بنا کر لکھئے۔ (کوئی ۳) 1+1+1 = 3

(۱) قلعی کھلنا (۲) جلی کٹی سنانا

(۳) مصیبتوں کا پہاڑ ٹوٹنا (۴) پانی پانی ہونا

1+1+1 = 3

سوال نمبر ۲۳۔ نیچے دی گئی کہاوتوں کا مطلب لکھیے۔

(۱) بوڑھی گھوڑی لال لگام

(۲) آم کے آم گٹھلیوں کے دام

(۳) اونٹ کے منہ میں ذیرا

## کمپوٹر

4

سوال نمبر ۲۴۔ کمپوٹر کے انگلش میں دیئے گئے ناموں کو اردو میں کیا کہتے ہیں؟ لکھیے۔

(1) Input Devices, (2) CPU, (3) Floppy, (4) Mother Board

یا

سلائڈ رول کس کام آتا ہے؟ اب اس کا کیا استعمال ہوتا ہے؟ اور Bit اور بائٹ کسے کہتے ہیں؟

## مضمون

10

سوال نمبر ۲۲۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔

(۱) تعلیم اور اس کے مقاصد

(۲) شہری اور دیہاتی زندگی

(۳) سائنس کے کرشمے

(۴) یومِ آزادی (۱۵ راگست)

(۵) قومی رہنما

-----------x.o.x-----------